المکرمة النبویة فی الفتاوی المصطفویة

شہزادۂ اعلیٰ حضرت، امام الفقہا، مفتیٔ اعظم ہند

تصنیف: حضرت علامہ مصطفےٰ رضا قادری نوری علیہ الرحمہ

متوفی (۱۴۰۲ھ/1981ء)

ALAHAZRAT NETWORK

اعلیٰحضرت نیٹ ورک

www.alahazratnetwork.org

کرایسی باتیں لائے گا جس سے عوام کو دھوکہ دے سکے۔ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم واللہ تعالیٰ اعلم۔

مسئلہ ۱۵ از درو ضلع نینی تال مسئولہ ارسلہ خاں پشاوری و حافظ عبیداللہ امام مسجد و عبداللہ صاحب رضوی۔ ۱۳ ذی القعدہ سنہ

زید عقیدہ رکھتا ہے کہ حضور پرنور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو علم غیب عطائی تھا۔ بالذات نہ تھا۔ بالذات سوا خدا کے دوسرے کے واسطے محال۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم غیب اور حضور، حادث۔ خداوند کریم قدیم، اس کا علم بھی قدیم۔ عمرو یہ عقائد رکھتا ہے کہ حضور پرنور شافع یوم نشور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا علم غیب بالذات ہے۔ اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں جو صفات الٰہیہ ہیں ان صفات کے ساتھ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذات مقدسہ قدیم ہے۔ حادث نہیں۔ دونوں سوالوں کے جواب سے بحوالہ کتاب مشرف فرمائیے۔ فقط

الجواب زید کا قول حق وصحیح اور عمرو کا باطل وفضیح ہے۔ عمرو اور اس کے ہم عقیدہ پر توبہ اور تجدید ایمان اور بیوی رکھتا ہو تو تجدید نکاح فرض ہے۔ اللہ عزوجل کا علم ذاتی کہ جو اس کی ذات سے ہے وہ اس کی صفت قدیمہ ہے۔ کسی کا دیا ہوا نہیں۔ اور اس کے حبیب ولبیب علیہ الصلاۃ والسلام کا علم عطائی ہے کہ اللہ کا عطا فرمایا ہوا ہے۔ ایک ذرہ کا علم بھی جو بے عطاء الٰہی مانتا ہے اس پر توبہ فرض ہے۔ از سرِ نو ایمان لانا لازم۔ محال ہے کہ بے خدا کے بتائے حضور کو ذرہ سے کم تر سے کم تر شیئ کا علم بھی ہو۔ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے "الدولۃ المکیۃ" میں تصریح فرمائی "العلم الذاتی مختص بالمولٰی سبحٰنہ وتعالٰی لایمکن لغیرہ ومن اثبت شیئا منہ ولوادنی من ادنی من ذرۃ لاحد من العلمین فقد کفر واشرک[۱]۔ علم ذاتی اللہ عزوجل سے خاص ہے۔ اس کے غیر کے لئے محال ہے۔ جو اس میں سے کوئی چیز اگرچہ ایک ذرہ سے کم تر سے کم تر غیر خدا کے لئے مانے وہ یقیناً کافر مشرک ہے۔ جو اللہ کے سوا کسی مخلوق کو قدیم جانے کافر ہے۔"

بے شک حضور علیہ الصلاۃ والسلام اللہ عزوجل کے مخلوق اور عظیم ترین بندہ ہیں۔ اور ان کا علم اور ہر وصف خدا کا دیا ہوا ہے۔ وہ بھی حادث ہیں اور ان کے اوصاف کریمہ صفات عظیمہ بھی۔ "الدولۃ المکیۃ" ہی میں فرمایا[۲] فی الموضوعات من اعتقد تسویۃ علم اللہ ورسولہ یکفر اجماعاً کما لایخفی اھ اقول ان اراد

---

[۱] الدولۃ المکیہ ص ۱۳ مطبوعہ ترکی، [۲] ایضاً ص ۴۴

التسویۃ من کل وجہ فنعماذ یلزم فقد مرغیرہ تعالٰی و غناہ عنہ عزوجل عمروکواپنے اس قول سے بھی توبہ چاہئے کہ حضور میں جو صفات الٰہیہ ہیں کہ اس کے ایک برے معنی بھی ہیں وہ یہ کہ خود صفات قدیمہ الٰہیہ بذات حضور قائم ہوں اس نے بالذات عطائی کے مقابل اور قدیم حادث کے مقابل کہہ کراس تعبیر کی راہ بند کردی کہ بالذات سے مراد یہ ہے کہ حضور کو بے واسطہ علم عطا ہوا اور قدیم کے یہ معنی کہ حضور کو نزول قرآن ہی سے علم حاصل نہیں ہوا بلکہ حضور کو پہلے سے علم بعطائے الٰہی حاصل تھا نزول قرآن عظیم سے حضور کے علوم میں اضافہ ہوا اگراس کی مراد بالذات سے یہ ہوتی تو بالکل حق ہوتی مگر وہ تو عطائی کے مقابل کہہ رہا ہے تو یہ مراد ہرگز نہیں یوں ہی اگر قدیم سے وہ مراد ہوتی تو کفر سے اسے بچالیتی مگر وہ تو حادث کے مقابل کہہ رہا ہے۔ ولاحول ولاقوۃ الاباللہ العلی العظیم۔ اللہ عزوجل عمرو اور اس کے ہم عقیدہ کو توفیق توبہ و استقامت علی الحق عطا فرمائے۔ آمین۔ واللہ ھوالموفق وھوالھادی الی الصراط المستقیم لا الٰہ الا ھو سبحٰنہ وتعالٰی شانہ لیس کمثلہ شیئ وھوالسمیع العلیم۔

مسئلہ ۱۶

از بنارس رام نگر مسئولہ جناب محمد رضا خاں صاحب۔ ۱۸ ذی قعدہ ۱۳۵۲ھ

علمائے دین اس مسئلہ میں کیا فرماتے ہیں قوم مہتر جن کے یہاں حسب ذیل پیشہ ونام وکام ہوتے ہیں وطریقہ ورسوم اجرا ہیں۔

(۱) شہنائی بجانے کا کام ہوتا ہے (۲) ڈکٹر بجانے کا کام ہوتا ہے (۳) جونک لگانے کا کام ہوتا ہے (۴) حرام چمڑے کی تانت بنائی جاتی ہے (۵) حرام تانت سے سوپ وغیرہ بنایا جاتا ہے (۶) ان کے گھروں کی عورتیں جملہ اقوام یعنی مسلم وغیر مسلم کے یہاں پاخانہ کماتی ہیں وغلیظ پھینکتی ہیں (۷) ان کے گھروں کی عورتیں علاوہ مسلمان کے دیگر اقوام کے یہاں کا کھانا جائز وناجائز ہر قسم کا لاتی ہیں اور سب اس کو کھاتے ہیں شہنائی وڈکٹر بجانے کے سلسلہ میں مندروں کا چڑھاوا و پوجا وغیرہ کی چیزیں لاتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں (۹) ان کے یہاں کے مردوں کو غسل دینے کے لئے کوئی مسلمان حجام نہیں جاتا ان کے یہاں کسی کی نذر و نیاز یا فاتحہ خواہ محفل میلاد وغیرہ نہیں ہوتی (۱۱) ان کے یہاں کبھی قرآن خوانی نہیں ہوتی (۱۲) کسی مسلمان کے یہاں ان کی یا ان کے یہاں کسی مسلمان کی آمد ورفت یا شرکت نہیں ہوتی (۱۳) ان کی برادری میں سے جو شخص داخل اسلام ہو پیشہ اپنا ترک کرتا ہے اس سے یہ لوگ کھانا پینا چھوڑ دیتے ہیں (۱۴) ان کے یہاں مردوں کے نام بچو۔ ڈھونڈے۔ بکریدہ۔ جوکرن۔ چمرو۔ رجب۔ بھگیلو۔ فتیل۔ ہینگو۔ پلو۔ تلوا وغیرہ اور عورتوں کے نام جگیا۔ مانگی۔